والمشاریع الدینیة والخدمات العظیمة قد وفق اللہ تعالیٰ للقائمین علی شئون المملکة أداء ھا' الأأستطیع أن أبین جمیع ماتقوم بہ المملکة من ألاف المشاریع' تقبلھا اللہ جل جلالہ وآدام ظل المملکة علی جمیع العالم الاسلامی.

واخیراً أرحبکم مرة أخری واننی اشکر اللہ تعالیٰ حیث شرف مجلس الشوری السعودی براسة عالم نبیل وشیخ جلیل معالی الشیخ صالح بن عبداللہ بن حمید الذی شرفہ اللہ تعالیٰ بامامة الحرم المکی وخطابتھا. صاحب البصیرة الدینیة والفراسة الایمانیة ما احسن الدین والدنیا اذا اجتمعا. وأری من الواجب أن اشکر سماحة السفیر الشیخ علی العواض العسیری المحترم حفظہ اللہ تعالیٰ حیث یبذل جھودہ المشکورة لیلاً و نھاراً فی توطید الاواھر الاخویة والسیاسیة والتجاریة بین البلدین شکراللہ مساعیہ ورزقہ مزید التوفیق والاخلاص.

والسلام سمیع الحق عضوء مجلس الشیوخ الباکستان

ورئیس الجامعة الحقانیة اکورہ ختک

نائب مہتمم حضرت مولانا انوارالحق صاحب مدظلہ کی وفاق المدارس کے اجلاس میں شرکت: ۲اور۳ر مئی کو وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے دواہم اجلاسوں کا انعقاد مرکزی دفتر ملتان میں ہوا۔جس میں شیخ الحدیث حضرت مولانا انوارالحق نے شرکت کی۔۲ر مئی کو بعد مغرب زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں مدارس ومساجد کے نقصانات کے ازالہ کے لئے وفاق کی طرف سے قائم شدہ ریلیف کمیٹی کا اجلاس رات گئے تک جاری رہا۔اجلاس میں تعاون کے سلسلہ میں رقوم جمع کرنے اور خرچ کرنے کے طریق کار اور دیگر امور پر طویل غور وخوض ہوا۔۳ر مئی کو صبح دس بجے سے مجلس عاملہ کے اجلاس میں متاثرہ علاقوں کے متعلق امور' وفاق کے سالانہ بجٹ ودیگر ضروری مسائل پر غور کے بعد اہم فیصلے کئے گئے۔ہر دو اجلاس وفاق کے صدر شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان کی صدارت میں منعقد ہوئے۔

دارالعلوم میں عامر شہیدؒ کانفرنس کا انعقاد: گزشتہ دنوں شہید اسلام عامر چیمہؒ کی شہادت کے موقع پر دارالعلوم کے متصل بڑے گراؤنڈ میں ایک تعزیتی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا اور عامر شہیدؒ کو اس موقع پر بھرپور خراج تحسین پیش کیا گیا۔کانفرنس سے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ' حضرت مولانا سید شیر علی شاہ صاحب مدظلہ' مولانا مغفور اللہ صاحب' اور ممبر قومی اسمبلی مولانا حامد الحق حقانی اور دیگر اساتذہ کرام وعلماء نے تفصیلی خطبات کئے۔اس موقع پر ہزاروں طلباء اور علاقہ بھر کے عوام نے شرکت کی۔

رشئین جرنلسٹ کی دارالعلوم آمد: گزشتہ دنوں دارالعلوم میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے انٹرویو کے لئے رشئین جرنلسٹ ڈاریا (Daria) تشریف لائیں۔آپ ماسکو کے ایک بڑے اخبار ''پراوڈا'' کی بیوروچیف ہیں۔آپ نے حضرت مولانا مدظلہ سے عالم اسلام اور موجودہ صورتحال پر سیر حاصل انٹرویو ریکارڈ کیا۔